کولٹن کا دفتر ہزاروں افراد کی خدمت کے لئے موجود ہے

اسمبلی مین کولٹن کے دفتر کا عملہ انگریزی کے علاوہ کئی زبانوں میں اپنے لوگوں کی ضروریات پوری کرتا رہا ہے۔ ان زبانوں میں بنگالی، چینی، جارجیائی، اطالوی، روسی، ہسپانوی اور اردو شامل ہیں۔

ان کے محنت کش عملے نے ہر سال ہزاروں افراد کی کئی مسائل میں مدد کی ہے۔

کولٹن تمام ارکان کی ضروریات پوری کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں

عالمی وبا کے دوران اور اس کے بعد اسمبلی مین کولٹن اور ان کے عملے نے ہزاروں افراد کی بےروزگاری کے وظائف کے متعلق، کئی مالک مکانوں اور کرایہ داروں کو کرائے کے امدادی وظائف (ERAP اور LRAP) کی درخواست دینے میں، بزرگ افراد کو کرائے میں اضافے سے استثنیٰ دینے (SCRIE)، کئی سابق فوجیوں اور بزرگ مالک مکانوں کو ٹیکس کے استثنیٰ کی درخواست دینے میں، STAR پروگرام میں مؤثر مدد کی ہے۔ انہوں نے کئی دیگر افراد کی SNAP وظائف، HEAP وظائف، معیار زندگی کے مسائل، کم قیمت فون، چھوٹے کاروباروں کی معاونت اور کئی دیگر چیزوں کے متعلق مدد کی ہے۔ اور کولٹن کے دفتر نے لوگوں میں ہزاروں مفت فیس ماسک، ہینڈ سینیٹائزر اور کووڈ ٹیسٹ کٹس تقسیم کی ہیں۔

ASSEMBLYMAN
WILLIAM COLTON
KINGS HIGHWAY
COMMUNITY OFFICE
TEL:718

کولٹن کا دفتر علاقے میں بہتری کی جنگ جاری رکھے ہوئے ہے اور علاقے میں کئی اسپیڈ بریکر، ٹریفک لائٹس، گڑھوں کی مرمت، سڑکوں کی درستگی، اور اسٹریٹ لائٹس سمیت کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ لوگوں کا معیار زندگی اور تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے۔

اسمبلی مین کولٹن کا کمیونٹی دفتر آپ کے لئے حاضر ہے

Kings Highway, Brooklyn, NY 11223 155
(Between West 12th and West 13th Street)
ٹیلیفون: (718) 236-1598 • ای میل: coltonw@nyassembly.gov

پیرتا بدھ . . . . صبح 10:00 تا شام 4:00 بجے
جمعرات . . . . .دوپہر 12:00 تا رات 8:00 بجے
جمعہ . . . . صبح 10:00 تا دوپہر 12:00 بجے

Community Office, 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223

اسمبلی مین
ولیم
کولٹن

کولٹن یہاں اور البانی میں ہمارے لئے جنگ کر رہے ہیں

موسم گرما

کولٹن سب کو ووٹ دینے کے لئے رجسٹریشن کروانے کی ترغیب دیتے ہیں

Register
★ ★ to ★ ★
VOTE

اسمبلی مین کولٹن کا خیال ہے کہ جمہوریت کا بہترین استعمال تب ہوتا ہے جب لوگ اپنی تشویشات کا اظہار کریں اور ووٹ دیں۔ اسمبلی مین کولٹن ووٹ ڈالنے کے اہل تمام افراد کو رجسٹریشن کروانے کی ترغیب دیتے ہیں۔

رجسٹریشن کروانے کے کئی طریقے ہیں۔ چند درج ذیل ہیں:

1) فارم لینے کے لئے 155 Kings Highway پر اسمبلی مین کولٹن کے کمیونٹی آفس آئیں۔ ان کا عملہ سوالات کے جواب دینے میں مدد کے لئے دستیاب ہیں۔
2) **ڈاک کے ذریعے** - Board of Elections, 32 Broadway, 7th Floor, New York, NY 10004-1609 *(انتخابات کے لئے آپ کا فارم قابل قبول ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اسے اگلے الیکشن سے کم از کم 25 دن قبل جمع کروایا جائے یا ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے۔)*
3) **بذات خود** - انتخابات کے بورڈ کے کسی دفتر میں بذات خود ووٹ دینے کی رجسٹریشن کروائیں۔ بروکلن دفتر کا پتہ 345 Adams Street, 4th Floor, Brooklyn, NY 11201 ہے۔
4) **آن لائن** - اگر آپ کے پاس ریاست نیو یارک کے موٹر گاڑیوں کے محکمے کی درست آئی ڈی ہے تو آپ ووٹ کے لئے آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

اسمبلی مین کولٹن ہمارے لئے یہا

اسمبلی مین کولٹن ہمارے بچوں کے کلاس رومز کے لئے اسکولوں کی امداد کے تاریخی ریاستی بجٹ کا مطالبہ کرتے ہیں

ریاستی تعلیمی بجٹ ہمارے اسکول کے بچوں کے لئے 2.1 بلین ڈالر کا تاریخی اضافہ کرتا ہے۔ تاہم ضروری ہے کہ ہم یہ یقینی بنانے کے لئے کام کریں کہ یہ رقم ہمارے اسکولوں میں بچوں تک پہنچے۔

جب ریاست نے اسکول ڈسٹرکٹس کے لئے اسکول کی امداد میں ریکارڈ اضافہ کیا ہے تو اسکول کے انفرادی سال کے بجٹ میں کٹوتیاں ناقابل قبول ہیں۔

ان رقوم کو ہمارے تمام اسکولوں میں کلاس کا سائز گھٹانے کا منصوبہ تیار کرنے اور با صلاحیت بچوں کے کلاس پروگرامز کو توسیع دینے میں استعمال کیا جانا چاہیے۔ اسے ہمارے تمام خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کے لئے انفرادی تعلیمی منصوبوں (IEP) کے نفاذ اور تعمیل اور کم کارکردگی ظاہر کرنے والوں کے لئے معیار کی اصلاح کے پروگرامز کی تیاری، اور ہمارے بچوں کی مکمل صلاحیتوں کو زیر استعمال لانے کے لئے بہترین موسیقی، رقص اور آرٹس کے پروگرامز کی تیاری میں استعمال کیا جانا چاہیے۔

میئر کے اختیار میں توسیع اور تبدیلیاں

ریاستی قانون ساز ادارے نے میئر کے اختیار میں دو سال کی توسیع کی ہے لیکن اس میں کمیونٹی ایجوکیشن کونسل (CEC) کے ارکان کی تعداد کو پانچ تک بڑھانا شامل ہے۔ اس کے علاوہ توسیع میں یہ تقاضا بھی شامل ہے کہ میئر کی تقرریوں میں کم از کم چار والدین شامل ہوں، جن میں کم از کم ایک IEP طالب علم کے والد/والدہ ہوں، کم از کم ایک دولسانی یا ESL پروگرام میں داخل طالب علم کے والد/والدہ ہوں اور کم از کم ایک ڈسٹرکٹ 75 اسکول میں داخل طالب علم کے والد/والدہ ہوں۔ اس توسیع میں ارکان کو ان کی مدت کے دوران بلاوجہ ہٹانے کی ممانعت بھی شامل ہے۔

کولٹن والدین کی بڑھتی ہوئی آوازوں کی حمایت کرتے ہیں

ضروری ہے کہ ہمارے اسکولوں کا نظام ہمارے بچوں کی خدمت کرے اور اس کا بہترین طریقہ والدین اور ان کے منتخب کردہ CEC نمائندگان کی آواز سننا ہے۔ اس سے یقینی بنے گا کہ اسکول کی رقوم میں اضافہ ہمارے تمام بچوں کی ضروریات پوری کرے۔

کولٹن کا مشترکہ طور پر اسپانسر کردہ ڈیجیٹل فیئر ری پیئر ایکٹ منظور ہو گیا اور گورنر کے دستخط کا منتظر ہے

اسمبلی مین کولٹن بخوشی اعلان کرتے ہیں کہ ڈیجیٹل فیئر ری پیئر ایکٹ (A7006B)، جو صارفین اور مرمت کی خود مختار دکانوں کو ان کے سیل فونز، کمپیوٹر اور دیگر ذاتی ڈیوائسز کی مرمت کرنے کی اجازت دیتا ہے، اسمبلی اور سینیٹ سے منظور ہو گیا ہے اور اب گورنر کے دستخط کا منتظر ہے۔

اس بل میں نیویارکرز کو اپنی ڈیوائسز خود ٹھیک کرنے یا صنعت کار کے پاس بھیجے بغیر کسی اور سے ٹھیک کروانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس سے مرمت کے چھوٹے کاروباروں کی مدد ہو گی، صارفین کا پیسہ بچے گا اور برقی ضیاع میں کمی آئے گی۔

حادثے کے منظر سے بھاگنے کی صورت میں سزا میں اضافے کے لئے کولٹن کا بل منظور ہو گیا اور گورنر کے دستخط کا منتظر ہے

کولٹن کو بہت خوشی ہے کہ ان کا بل A3964/S9163 حال ہی میں اسمبلی اور سینیٹ دونوں سے منظور ہو گیا ہے اور ابھی قانون میں تبدیل ہونے کے لئے گورنر ہوچل کے دستخط کا منتظر ہے۔

اس بل کا مقصد وضاحت کرتا ہے کہ حادثے کے مقام سے بھاگنا سنگین جرم ہے اور اسے ایسا ہی سمجھا جانا چاہیے۔ ٹکر کے بعد بھاگ جانے کے حادثات خاص کر اس وجہ سے خطرناک ہوتے ہیں کہ اگر ٹکرانے والے شخص کو شدید چوٹ آئی تو ممکن ہے کہ اس شخص کو مناسب نگہداشت نہ ملے۔ ٹکر کے بعد بھاگ جانے والے حادثات کی وجہ بننے والے افراد کے لئے سزا بڑھانے سے ان واقعات میں کمی آئے گی اور عوامی اور ٹریفک کا تحفظ بڑھے گا۔

اور البانی میں مقابلہ کر رہے ہیں

بےگھر افراد کے دو مجوزہ شیلٹرز کے خلاف کولٹن کی جنگ نے شدت اختیار کر لی ہے

اسمبلی مین کولٹن شہر کی سابقہ انتظامیہ کے تجویز کردہ بےگھر افراد کے دو منصوبہ بند شیلٹرز کی مخالفت میں کمیونٹی کو متحد کرتے آئے ہیں۔

کامیاب ریلیوں کا انعقاد ہوا

گزشتہ سال کے دوران بےگھر افراد کے شیلٹرز کے دونوں مقامات پر کئی افراد پر مشتمل ریلیوں نے بہت کامیابی حاصل کی۔ کمیونٹی کا ہر گروہ مجوزہ مقامات کی ٹھوس مخالفت میں متحد ہو گیا۔ بیس ہزار سے زائد دستخط اکٹھے کیے گئے۔

دیگر شیلٹرز کے خراب ٹریک ریکارڈ کا انکشاف ہوا

بہت سے افراد پر مشتمل کئی زوم میٹنگز میں حکمت عملیوں اور کمیونٹی کو متحد رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی۔ اسمبلی مین اور ساؤتھ بروکلن کمیونٹی کا اتحاد، جس کے سربراہ کمیونٹی لیڈر وائی کے چیونگ ہیں، نے مجوزہ ڈیولپرز اور مجوزہ آپریٹرز کے سابقہ شیلٹرز میں خراب ریکارڈ اور ماضی کی ناکامیوں سے پردہ اٹھایا۔

شہر کی نئی انتظامیہ سے رابطہ کیا گیا

اسمبلی مین نے انتظامیہ برائے انسانی وسائل کے نئے سٹی کمشنر سے رابطہ کیا۔ انہوں نے ان مجوزہ مقامات کے متعلق کمیونٹی کے اعتراضات کا خلاصہ پیش کیا، جس میں ان مقامات کے نامناسب محل وقوع سے لے کر بےگھر افراد کے شیلٹرز سے پیشہ کمانے کے کاروباری ماڈل کا بےجا غلط استعمال شامل ہے۔ اس سے بےگھر افراد کی مدد نہیں ہوتی، علاقے کا معیار زندگی متاثر ہوتا ہے اور آپریٹر اور ڈویلپر بڑا منافع کماتے ہیں جبکہ ٹیکس ادا کرنے والوں کے کئی بلین ڈالر خرچ ہو جاتے ہیں۔

کمشنر نے اسمبلی مین کی بات سنی اور ان کے ساتھ ان دو مقامات کا دورہ کرنے پر اتفاق کیا، جس کو 8 جولائی 2022 کو شیڈول کیا جا رہا ہے۔

اسمبلی مین کولٹن ریاست نیو یارک کے اسکول کے نصاب میں ایشیائی امریکی اور پیسفک آئلینڈر کا مطالعہ شامل کرنے کا بل متعارف کروا رہے ہیں

تنوع کے باعث پسندیدگی یا تفریق کے بجائے آگاہی اور اتحاد کو فروغ دیا جانا چاہیے

کولٹن نے ہمیشہ اپنی کمیونٹی میں تنوع کے فروغ کی جنگ لڑی ہے۔ ایسے تنوع کو ایک گروہ کو دوسرے پر فوقیت دینے کے لئے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے بلکہ اس کے ذریعے ایک دوسرے کی تاریخ، روایات اور ثقافت کی باہمی آگاہی کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ یہ یقینی بناتا ہے کہ تمام گروہ اکٹھے ہو کر پوری کمیونٹی کے عمومی اہداف پورے کریں۔

ایک دوسرے کی ثقافت کو تسلیم کرنے، نہ کہ منسوخ کرنے کی حمایت کریں

اس لئے کولٹن نے ریاست نیو یارک کے اسکول کے نصاب میں ایشیائی امریکی اور پیسفک آئلینڈر کی تاریخ شامل کرنے کا تاریخی قانون متعارف کروایا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ کولٹن نیو یارک میں 28 اپریل کو ہولوکاسٹ کی یاد کا دن منانے اور قمری نئے سال اور عید الفطر اور عید الاضحی پر عوامی تعطیلات کا اعلان کرنے کی قراردادوں کی حمایت کرتے ہیں۔

انہی وجوہات کی بناء پر کولٹن کولمبس ڈے کا نام تبدیل کر کے اسکول کی تعطیل قرار دینے یا کولمبس کے مجسمے ختم کرنے کے مخالف ہیں، جو کہ اطالوی امریکی روایات کے کلیدی اجزاء ہیں۔

کولٹن نے ثقافت اور روایات کو فروغ دینے کے قوانین متعارف کروائے اور ان کی حمایت کی ہے۔ یہ چند ایسے قوانین ہیں جن کی کولٹن حمایت کرتے ہیں:

- بل A9452 کا تعارف، جس میں اسکولوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ ایشیائی امریکی اور پیسفک آئلینڈر تاریخ کا نصاب پڑھائیں۔ اسمبلی مین کولٹن کا خیال ہے کہ ریاست نیو یارک میں عوامی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کو ایشیائی اور پیسفک آئلینڈر تاریخ کی اہمیت سکھائی جانی چاہیے تاکہ وہ امریکی تاریخ کو پوری طرح سمجھ سکیں۔
- بل A9541 کا تعارف جو ایشیائی قمری نئے سال کو عوامی تعطیل قرار دیتا ہے۔ قمری نئے سال کا تہوار ہزاروں سالوں سے منایا جا رہا ہے اور اہمیت اور روایت میں کئی دیگر عوامی تعطیلات سے مشابہ ہے۔ یہ تعطیل ایشیائی کمیونٹی کی اہم ترین روایتی تعطیلات میں سے ایک ہے اور نیو یارک کی کئی ایشیائی کمیونٹیز بڑے پیمانے پر اسے مناتی ہیں۔
- بل A4237 کا تعارف جس میں تقاضا کیا جاتا ہے کہ انتخابات کا بورڈ ایک ملین سے زائد افراد کی آبادی پر مشتمل شہروں کے چند پولنگ مقامات پر روسی زبان کے مترجمین فراہم کرے۔
- دو قراردادوں پر دستخط، 28 اپریل 2022 کو ہولوکاسٹ کی یاد کا دن قرار دینا اور ہولوکاسٹ سروائیورز کو بجٹ میں شامل کرنا۔
- بل A4265 کا مشترکہ اسپانسر، جس میں ایک ملین سے زائد کی آبادی کے ہر شہر کے چند عوامی اسکولوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ غذائی پابندیوں پر عمل کرنے والے طلبہ کے لئے حلال خوراک کے اختیارات مفت پیش کریں۔
- بل A7190 کا مشترکہ اسپانسر، جس میں کہا گیا ہے کہ نیو یارک شہر کے سٹی اسکول ڈسٹرکٹ میں عید الفطر اور عید الاضحی کے اسلامی تہواروں پر اسکول میں تعطیلات دی جائیں۔
- بل A1835 کا مشترکہ اسپانسر، جس میں عید الفطر اور عید الاضحی کو عوامی تعطیلات قرار دیا گیا ہے، جن کی تاریخیں مذہبی قانون اور روایات کے مطابق طے کی جاتی ہیں۔

موسم گرما 2022

اسمبلی مین

ولیم کولٹن



کولٹن ہمارے لئے یہاں اور البانی میں مقابلہ کر رہے ہیں

کولٹن سب وے کو محفوظ بنانے کے لئے ان میں ٹرانزٹ پولیس بحال کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں

کولٹن سب وے جرائم کے خلاف جنگ میں کام کر رہے ہیں

جرائم میں اضافے کے باعث کولٹن کو شدید تشویش لاحق ہوئی۔ اسمبلی مین نے ایک درخواست کی کیمپین شروع کرتے ہوئے آواز اٹھائی اور ہماری پولیس کے لئے مضبوط حمایت کا اظہار کیا، اس درخواست میں روزانہ 24 گھنٹے مزید ٹرانزٹ پولیس کو سب وے میں شامل کرنے کے لئے مزید فنڈنگ کا تقاضا کیا جا رہا ہے۔ کولٹن نے ہزاروں دستخط اکٹھے کیے اور وہ مطالبہ کرتے رہیں گے کہ عوامی تحفظ اولین ترجیح رہے۔

کولٹن رات کے وقت پولیس کو بحال کرنے کا فیصلہ سراہتے ہیں

کولٹن درخواست شروع کرنے سے صرف ایک ہفتہ پہلے NYC ٹرانزٹ پولیس کے اس اعلان کو سراہتے ہیں کہ وہ رات کے اوقات میں اسٹیشنز پر ٹرانزٹ پولیس کو بحال کرنے والے تھے۔ اگرچہ یہ اچھا آغاز ہے، جرائم تمام اوقات میں انجام دیے جاتے ہیں اور کولٹن اپنا مطالبہ جاری رکھے ہوئے ہیں کہ ٹرانزٹ پولیس کو 24 گھنٹے بحال کیا جائے۔

کولٹن کی محفوظ سب وے کی درخواست کی کیمپین جاری ہے

ضروری ہے کہ لوگ عوامی ذرائع نقل و حمل استعمال کرتے ہوئے یا نیو یارک شہر کی گلیوں میں چلتے ہوئے خود کو محفوظ تصور کریں۔ ہمیں چوبیس گھنٹے پولیس کی موجودگی کی ضرورت ہے۔ جب تک عوامی تحفظ مکمل طور پر بحال نہ ہو جائے ہم ہار نہیں مانیں گے۔

Station N
ASSEMBLYMAN
WILLIAM
COLTON

اوپر اسمبلی مین کولٹن کی شروع کی گئی درخواست ظاہر کی گئی ہے۔ کولٹن اپنے شہریوں سے درخواست کرتے ہیں کہ ٹرانزٹ پولیس کو 24 گھنٹے سب وے اور اسٹیشنز میں بحال کرنے کی کیمپین کی حمایت میں اپنی فیملی، دوستوں اور ہمسایوں سے اس درخواست پر دستخط کروا کر اسے ان کے آفس میں لائیں۔

یوکرین کے خلاف ناقابل برداشت جنگ کے متعلق اسمبلی مین ولیم کولٹن کا بیان

یوکرین کے عظیم لوگوں کی کئی مہینوں سے جاری مزاحمت کے باوجود یوکرین کے خلاف بے معنی جنگ میں پتن کی جانب سے غیر منصفانہ قتل اور جنگی جرائم جاری ہیں۔

اگرچہ یہاں رہائش پزیر مقامی خاندان اور ان کے ریاست کے منتخب کردہ عہدیداران پتن کے جنگی جرائم کو روکنے کا اختیار نہیں رکھتے، ایسے طریقے موجود ہیں جن کے ذریعے ہم اپنے اشتعال اور یوکرین کے لوگوں کی حمایت کا اظہار کر سکتے ہیں اور کرنا چاہیے۔

سب لوگ ایسے معتبر خیراتی گروہوں کی معاونت کر سکتے ہیں جو یوکرین میں مزاحمت برقرار رکھنے اور حالات زندگی بہتر بنانے میں مدد کر رہے ہیں۔

ہم اپنی آوازیں متحد کرتے ہوئے وفاقی حکومت کو یوکرین اور وہاں کے لوگوں کو پتن کی جاری جارحیت کے خلاف اپنے ملک کے دفاع کے لئے ضروری اسلحہ اور سامان کی فراہمی کے ذریعے ان کے عظیم ہمت و حوصلے کی حمایت میں مضبوط رہنے کی ترغیب دینا جاری رکھ سکتے ہیں۔

ہم اخلاقی یا روحانی طور پر اتنے بے اختیار نہیں کہ یوکرین کی حمایت میں اپنے شعور کی آواز نہ سنا سکیں، کیوں کہ یوکرین کے لوگ جابرانہ قوتوں کے خلاف حوصلہ مند جنگ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ابتدائی امریکیوں نے امریکی انقلاب کے لئے ایسی ہی جنگ لڑی تھی۔ اب امریکہ اور دنیا بھر کے افراد کی اخلاقی قوت کو یوکرین کے لوگوں کی حمایت میں یکجا ہو جانا چاہیے۔

براہ مہربانی الگ کریں اور لوٹائیں

جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے کہ کئی مسافر اب NYC کی سب وے میں خود کو محفوظ تصور نہیں کرتے۔ اس لئے میں شہر کی انتظامیہ سے مطالبہ کر رہا ہوں کہ وہ ٹرانزٹ پولیس کو نہ صرف رات کے اوقات میں بلکہ دن کے اوقات میں بھی سب وے میں واپس لانے کے لئے مزید رقم تفویض کریں تاکہ مسافر محفوظ ہو سکیں۔

نام:	**پتہ:**

براہ مہربانی ذیل پر اسمبلی مین ولیم کولٹن کے دفتر کو دستخط کردہ درخواستیں لوٹائیں::

155 Kings Highway Brooklyn, NY 11223 (Tel. 718-236-1598)